آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر

مرکزی دفتر جیلخانہ جات مظفرآباد

☆☆☆

ٹینڈر نوٹس

آززادکشمیر کی ڈسٹرکٹ جیل باغ میں مقیداسیران کے لیئے دوران مالی سال23-2022(از یکم جولائی2022 تا30جون2023)اشیاءخوردونوش کی فراہمی کے لیئے مورخہ 2022-06-24بروز جمعہ بوقت 10 بجے دن ڈپٹی کمشنر ضلع باغ(چیئر مین ٹینڈر کمیٹی)کے آفس چیمبر میں وصول ہوں گے جن کے ہمراہ=/66000روپے کی کال ڈیپازٹ بنام سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل باغ اصل شامل کرنا ضروری ہوگی۔ٹینڈر اسی روز ٹینڈر ز دہندگان کی موجودگی میں بوقت 10:30 بجے دن ٹینڈر کمیٹی کے روبرو کھولے جائیں گے۔ فہرست اشیاءدفتری اوقات کار میں ڈسٹرکٹ جیل باغ سے حاصل کی جاسکتی ہے۔

شرائط:-

1 ٹینڈر پیپرا رول(a)36 کے تحت وصول کیئے جائیں گے جس کے ساتھ اصل زرشمولیت منسلک کرنا ہوگی۔

2 ٹینڈر میں صرف رجسٹرڈ فرمز،دکاندار/ٹھیکیداران(رجسٹرڈ ازاں صنعت حرفت آزاد جموں وکشمیر)حصہ لے سکتے ہیں۔

3 ٹینڈر دستاویزات کے حصول کے لئے درخواست لیٹر پیڈ پر بنام سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل باغ دیتے ہوئے دفتری اوقات کار کے دوران ٹینڈر اوپننگ سے ایک دن قبل تک بلعوض نقدادائیگی مبلغ=/500روپے ناقابل واپسی حاصل کیئے جاسکتے ہیں۔

4 ٹینڈر فارم کے حصول کے لیئے دی گئی درخواست کے ہمراہ انکم ٹیکس سرٹیفکیٹ،رجسٹریشن سرٹیفکیٹ کی مصدقہ نقل شامل کرنا ضروری ہوں گی بصورت دیگر ٹینڈر فارم اجراء نہیں کیا جائے گا۔

5 ٹینڈر کھولنے کے دن ٹینڈر فارم اجراء نہیں کیے جائیں گے۔

6 تمام ٹھیکیداران اپنی پیشکش سربمہر لفافے میں مقررہ تاریخ پر بوقت 10:00 بجے دوپہر تک متعلقہ مقام اوپننگ ٹینڈر میں جمع کراسکیں گے۔تمام ٹینڈرز،ٹینڈر دہندگان/مجاز نمائندگان کی موجودگی میں اسی روز بوقت 10:30 بجے دوپہر کھولے جائیں گے۔

7 ٹینڈر کے ہمراہ درج بالا زرشمولیت بصورت کال ڈیپازٹ جو کسی شیڈول بنک سے اجراء شدہ ہو بنام متعلقہ سپرنٹنڈنٹ جیل شامل کرنا ضروری ہوگی۔بدوں کال ڈیپازٹ ٹینڈر ہرگز قابل قبول نہ ہوگا۔

8 ٹینڈر فارم کی خریداری کے وقت انتظامیہ جیل کی جانب سے اجراءشدہ اصل رسید ٹینڈر کے ہمراہ واپس جمع کرانا ہوگی۔

9 چیئر مین ٹینڈر کمیٹی کو اختیار حاصل ہوگا کہ وہ بمطابق قواعد پیپرا رولز تمام یا کسی ایک ٹینڈر کو مسترد کردے۔

10 نامکمل اورمشروط ٹینڈر ہرگز قابل قبول نہ ہوگا۔

11 ٹینڈر کے ہمراہ=/50روپے کے اسٹامپ پیپر پر پاکستان یا آزادکشمیر کی کسی ادارے سے بلیک لسٹ نہ ہونے کی بیان حلفی شامل کرنا ہوگی۔

12 کامیاب ٹھیکیدار بمطابق ڈیمانڈ جملہ اشیاءصاف ستھری حالت میں جیل گیٹ پر پہنچانے کا پابند ہوگا۔

13 کامیاب ٹھیکیدار بیان حلفی دینے کا پابند ہوگا کہ وہ مالی سال کے اختتام تک جیل انتظامیہ کی ڈیمانڈ پر بروقت،معیاری،صاف ستھری اور حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق اشیاءفراہم کرنے کا پابند ہوگا۔بصورت دیگر کال ڈیپازٹ ضبط کرتے ہوئے تحت ضابطہ بلیک لسٹ کیئے جانے اور قانونی چارہ جوئی کا محکمہ کو حق حاصل ہوگا۔

14 جملہ ٹینڈر دہندگان اپنی آفرز پاکستانی کرنسی میں دیں گے جس میں جملہ مروجہ ٹیکسز،ڈیوٹیز اور ٹرانسپورٹ چارجز شامل ہوں۔بصورت دیگر ٹینڈرز زیرغور نہیں لایا جائے گا۔

15 ٹھیکیداران مارکیٹ کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے انراخ دینے کے پابند ہوں گے۔

16 اشتہار ہذاAJK-PPRA کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہوگا۔

(سید لیاقت حسین نقوی)
ڈپٹی انسپکٹر جنرل جیلخانہ جات
آزادکشمیر
فون نمبر 05822-930003